| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ر' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ر' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت بناوٹ سے 'ر' لکھ سکیں۔حرف 'ر' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔اور 'ا سے لے کر ذ' تک کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ر' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'شرارتی نو' کون سے حروف ہوتے ہیں؟۔اور انہیں کیوں 'شرارتی نو' کہتے ہیں؟۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ر' بھی شرارتی نو ہے۔اس کی آدھی شکل نہیں ہوتی یہ حروف تہجی کا پندرھواں حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ر' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ر' کے ذخیرہ الفاظ رسی، رنگ، رومال اور ریل گاڑی کے بارے میں جانیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ر' کے اوپر کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔تختہ سیاہ/سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔جس پر بچوں کو حرف 'ر' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ر' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | حرف اور اشیاء | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 81 کھولنے کو کہا جائے گا۔'ر' پر انگلی پھیرنے اور صوتی آواز بتانے کو کہا جائے گا۔تصاویر کے ذریعے 'ر' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔بچوں کو کتاب صفحہ 82 کھولنے کو کہا جائے گا۔سادہ کاغذ اور مختلف رنگ دیے جائیں گے بچوں سے کاغذ پر 'ر' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔بچوں سے پوچھا جائے گا ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔حرف 'ر' کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 81<br>سادہ کاغذ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ر' کی صوتی آواز اور درست تلفظ پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ر‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ر‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت بناوٹ سے ’ر‘ لکھ سکیں ۔ حرف ’ر‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو’حرف تہجی اردو کے‘نظم سنائی جائے گی ۔ بچوں کو’ر‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ،صوتی آواز پوچھی جائے گی ۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ’ر‘ کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو’ر‘ کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم رنگوں کے بارے میں بات کریں گے ۔ بچوں سے اُن کا پسندیدہ رنگ پوچھا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا اُن کو رنگ کرنا پسند ہے۔ بچوں سے باری باری اُن کے کپڑوں کا ، بستوں کا ، کرسی کا رنگ پوچھا جائے گا۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف ’ر‘ کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے ۔ | 10 منٹ | کتاب صفحہ<br>84<br>استاذ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو’ا سے لے کر’ر‘ تک حروف تہجی کے Puppet Stick Card دیئے جائیں گے ۔اُس کے ساتھ ایک ڈبہ دیا جائے گا جن میں وہ Sticks لگانی ہوں ۔ بچوں سے کہا جائے گا ا سے لے کر ذ تک ترتیب سے Sticks لگائیں ۔ جب ’ذ‘ آئے گا تو بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ’ذ‘ کے بعد کیا آتا ہے ۔ جب وہ ’ر‘ اُٹھائیں گے تو اس کا نام اور صوتی آواز پوچھی جائے گی ۔ بچوں کو کتاب صفحہ 84 کھولنے کو کہا جائے گا ۔’ر‘ کو درست بناوٹ سے لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں ۔ | 20 منٹ | Puppet<br>Stick<br>Card | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ ہوا میں حرف ’ر‘ لکھنے کی مشق کریں ۔ | 3 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ڑ‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ڑ‘ کا تلفظ اور صوتی آواز پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے ’ڑ‘ لکھ سکیں ۔ اشیاء کے ناموں میں حرف ’ڑ‘ کو پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو’حروف تہجی اُردو کے‘نظم سنائی جائے گی بچوں سے حروف ’اتار‘ کا تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو پوچھا جائے گا کہ شرارتی نو کون سے حروف ہوتے ہیں اور انہیں شرارتی نو کیوں کہا جاتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ڑ‘ کریں گے۔اس کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ڑ‘ حروف تہجی کا سولہواں حرف ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ڑ‘ سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا بلکہ ہر لفظ کے درمیان اور آخر میں آتا ہے۔ بچوں کو حرف ’ڑ‘ کے ذخیرہ الفاظ جڑ، پہاڑ، گڑ اور لکڑی فلیش کارڈ پی پی ٹی کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’ڑ‘ کے اوپر ایک چھوٹی ’ط‘ آتی ہے۔تختہ سیاہ/سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر بچوں کو’ڑ‘ لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ باری باری بچوں کو بلا کر ’ڑ‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 85 کھولنے کو کہا جائے گا۔’ڑ‘ کے الفاظ تصاویر کے ذریعے بتائے جائیں گے۔ کتاب صفحہ 86 پر بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔’ڑ‘ کو اس کے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ڑ‘ کی ابتدائی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>.<br>5 منٹ | فلیش کارڈز<br>حرف اور اشیاء<br>کتاب صفحہ<br>85,86 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ’ڑ‘ کی پہچان، آواز اور تصاویر کے ناموں میں ’ڑ‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت اور بناوٹ سے 'ڑ' لکھ سکیں ۔حرف 'ڑ' سے شروع ہونے والے الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ڑ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ ،صوتی آواز اور مختلف اشیاء کے ناموں میں 'ڑ' کی نشاندہی کروائی جائے گی ۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ڑ' کے ذخیرہ الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی ۔ بچوں کو بھیڑ کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ بھیڑ پالتو جانور ہے۔ان کو قربانی کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ان کی کھال اون بنانے کے کام آتی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ بھیڑ کے آخر کی آواز 'ڑ' ہے۔ بچوں سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں کی مدد سے ہوا میں 'ڑ' بنائیں ۔ یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 87 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ڑ' پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ کمرہ جماعت میں حروف د،ڑ چھپائے گئے ہیں۔انہیں صرف حرف 'ڑ' تلاش کر کے لانا ہے اور صوتی آواز بتانی ہے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے گاڑی، بھیڑ، گڑ میں 'ڑ' کی نشاندہی کرنے کو کہا جائے گا۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء<br>کتاب صفحہ<br>81 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ڑ' کی پہچان ، آواز اور تصاویر کے ناموں میں ڑ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ر،ڑ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف 'ر،ڑ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت اور بناوٹ سے 'ر،ڑ' لکھ سکیں۔ حروف 'ر،ڑ' کے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف ر،ڑ کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ر،ڑ کی دہرائی کریں گے۔ Sand tray دے کر حرف ر،ڑ کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>دو ڈبوں پر ر اور ڑ کے حرف فلیش کارڈ چسپاں کیے جائیں گے۔ بچوں میں دونوں حروف کے تصاویر فلیش کارڈ تقسیم کیے جائیں گے۔ بچوں کو باری باری بلا کر اپنا کارڈ دکھانے کو کہا جائے گا۔ ہر بچہ تصویر کا نام بتا کر اس کو درست حرف والے ڈبے میں ڈال دے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ 88 کھولنے کو کہا جائے گا۔'ڑ' کو درست بناوٹ کے ساتھ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید/ سیاہ پر ر،ڑ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر حرف ر،ڑ لکھیے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء<br>کتاب صفحہ<br>88 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حروف 'ر،ڑ' کی پہچان، آواز اور ان کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |